# عِلاج بواسِیر

مؤلفہ

لالہ گوبند رام صاحب سابق سائنس ماسٹر اینگلو سنسکرت ہائی سکول نبالہ

۱۹۰۹ء

پی ڈی ایف تیار کردہ
حکیم محمد ارشد شاہین لاہور
0323-4422244

# علاج بواسیر

جس کو

لالہ گوبند رام صاحب سابق سائنس ماسٹر اینگلو سنسکرت ہائی سکول انبالہ نے بنایا

اور باخذ حق تصنیف

رامدتہ مل و مولوی علی محمد صاحب تاجران کتب لوہاری دروازہ لاہور نے

سنہ ۱۹۰۹ء

در موہیال متر پریس لاہور چوک متی چھپوایا



# بواسیر

بواسیر نام زیادتیاں کا ہے۔ اور اُن کو مسّے بھی کہتے ہیں۔ جو مقعد کی رگوں پر ابھرے ہوتے ہیں۔ اور باعث اُن کا خون غلیظ ہے۔ خواہ وہ سودا کے سبب سے خواہ صفرا کی وجہ سے خراب ہؤا ہے۔ اور یونانی حکیم اس کو سات قسم پر تقسیم کرتے ہیں۔ ایک تو وہ ہے۔ جس میں مقعد منتفخ ہو۔ اور کچھ نہ نکلے۔ دوم وہ ہے کہ مسوہ میں ریشے اور جڑیں ہوں۔ تیسری وہ کہ مسّے گول اور لمبوترے مانند دانہ انگور کے ہوں۔ چوتھی وہ کہ جس میں مسّے کسی قدر پھیلے ہوئے ہوں۔ اور مانند دانہ انجیر کے ہوں اس کو انجیری کہتے ہیں۔ پانچویں جس میں مسّے چھوٹے و سخت ہوں مانند دانہ چنے اور مسور کے اس کو مسوری کہتے ہیں۔ چھٹی وہ کہ لمبی اور سخت مانند دانہ چوہارے کے ہو۔ اس کو تری کہتے ہیں۔ ساتویں وہ کہ لمبی اور نرم مسّے ہوں جیسا کہ توت ہوتے ہیں۔ اور سر اس کا گول اور دانہ دار ہوتا ہے۔ جڑ اس کی باریک ہوتی ہے۔ اس کو توتی کہتے ہیں +

ان ساتوں قسموں میں سے یہ مسّے اندر کی طرف بھی ہو سکتے ہیں۔ اور باہر کی طرف بھی۔ اگر یہ مسّے باہر کی طرف ہوں۔ تو اُن کا علاج آسان ہے۔ کیونکہ ہر ایک قسم کی دوا الگ ہو سکتی ہے۔ اور شناخت کر سکتے ہیں کہ کس قسم کی بواسیر ہے۔ اور اگر یہ مسّے اندر کی طرف ہیں تب اُن کا علاج مشکل ہوتا ہے۔ اور پھر ہر ایک قسم کی بھی دو قسمیں ہیں۔ ایک سوقدہ یعنی ہر ایک مسّے کے اندر سے پیپ یا خون نکلے۔ دوم وہ کہ جو بے سوراخ دار ہو۔ ان کے اندر سے کچھ نہ نکلے۔ جب اندر سے خون یا مواد کا خون شروع ہوتا ہے تو اس میں اس قدر درد اور تکلیف نہیں ہوتی کیونکہ غلیظ مواد باہر نکل جاتا ہے اور مریض کو آرام آجاتا ہے۔ سو دوسرے عضو دریں یہ دقت ہوتی ہے۔ کہ اس کے اندر سے مواد نہیں نکل سکتا اور غلیظ خون اور مواد اُس کے

اندر جمع ہو جاتا ہے۔ جو تکلیف پیدا کرتا ہے۔ اور دوم وہ مسّے اُس سے بھر کر سخت ہو جاتے ہیں۔ اور پھر پھول جاتے ہیں اور پاخانہ آنے کی جگہ کو بند کر دیتے ہیں جب مریض پاخانہ جانا چاہتا ہے۔ تو اوپر سے پاخانہ زور کرتا ہے۔ اور اُن مسوں پر اُس کا دباؤ پڑتا ہے۔ جس کے سبب اُن کے اندر تکلیف درد اور جلن پیدا ہوتی ہے۔ ان تمام قسموں میں سے قسم دوم بہ نسبت زیادہ خراب ہے۔ اس میں جڑیں اور ریشے ہوتے ہیں اور وہ مانند رسوئی کے تکلیف دیتے ہیں۔ کسی قسم کی نمکین چیز وغیرہ اُن پر اثر کرتی ہے۔ اور ایک قسم کی سخت جلن پیدا ہوتی ہے۔ اور بعض حالت میں وہ برابر بڑھتے چلے جاتے ہیں اور مریض کو پاخانہ جانا مشکل ہو جاتا ہے جو انجیری ہے۔ وہ بھی تکلیف دیتی ہے۔ اور وہ قسم دوم سے دوسرے درجہ پر ہے انجیری وہ ہے جو کہ بلند ہو۔ اور سر اُس کا نیچے یا پیچھے کو مائل ہو۔ اور یہ بھی خیال رکھنا ضروری ہے۔ کہ سوزش۔ درد وغیرہ کا ہونا ناسور میں علامت زیادتی خون صفراوی کی ہے۔ اور زیادہ سخت ہونے مسّوں کی۔ اور کم سخت ہونا کبھی کبھی نشانی غلیظ خون کی ہوتا ہے۔ اور اس کا علاج فصد کرنا اور خون غلیظ کا علاج کرنا ہے۔ قبض کو دور کرنے کے واسطے جوشاندہ ہرڑ زرد کا دلویں۔ اور خیال رکھیں کہ جگر اچھی طرح سے کام کرتا ہے یا کہ نہیں۔ اور ہر حالت میں جگر کو اپنا کام اچھی طرح سے کرنے دیں اور اس قسم کی غذا دیویں جو عمدہ اور صاف خون پیدا کرے۔ سوائے گوشت مرغی فرخ کے اور کبھی قسم کا گوشت اس مرض میں نہ دیں۔ بلکہ پھل استعمال کرا دیں۔ کیونکہ اُن کی مزاج قبض کو دور کرنے والی ہوتی ہے۔ اور جگر کو اپنا اصلی کام کرنے میں مدد دینا ہوتا ہے۔ اور مریض کی طبیعت ہر وقت ملائم رکھنے کی کوشش کریں۔ اور ایسی ادویات استعمال میں دیویں تاکہ مریض کو اچھی طرح سے پاخانہ آجاوے۔ ہیرڑ۔ آملہ مربہ۔ اطریفل سنہ۔ اطریفل ہیں یا گوگل کی گولیاں اور گوگل کا آٹا اونبل —

اگر بواسیر مع اسہال ہے۔ تو اول علاج اسہال کا کریں اور بعد ایک تنقیہ کرنے کے بواسیر کے علاج کی طرف متوجہ ہوویں۔ اگر بواسیر درد نہ کرے۔ اور تکلیف نہ دے۔ تب اس قسم کی ادویات کام میں لاویں۔ جو بواسیر کے دانوں کو گراتی ہیں اور اُن کو خشک کرتی ہیں۔ اور اگر بواسیر میں درد زیادہ ہو۔ اور مسوں سے خون نکلے

اس وقت اس کی چیزیں کام میں لادیں۔ جو رگوں کا منہ کھولتی ہیں اور خون نکالتی ہیں۔ اگر خون زیادہ نکلے۔ سرخ۔ صاف اور رقیق ہو۔ اس وقت یہ اندیشہ ہوتا ہے کہ مریض کمزور نہ ہو جائے۔ اس حالت میں خون کا نکلنا بند کر دیں۔ اور اگر حرارت زیادہ ہو۔ اور خون مریض کی کمزوری کا نہ ہو۔ اور خون سیاہ آتا ہو۔ اس وقت خون کے بند کرنے میں جلدی نہ کریں۔ کیونکہ اس قسم کا خون نکلنے سے دیگر امراض کو آرام ہوتا ہے مگر ہر حالت میں مریض کی طبیعت کا دیکھنا ضروری ہے۔ ایسا نہ ہو کہ وہ زیادہ خون کے نکلنے سے کمزور ہو جائے۔ اور بعض کہتے ہیں کہ خون بواسیر مانند خون حیض کے ہے کیونکہ اس کا نکلنا بہت سی امراض کے واسطے مفید ہے +

بواسیر کے مسّوں کا گرانا یا کاٹنا نہایت مفید ہے۔ مگر سب حالتوں میں یہی ممکن ہوتا ہے۔ کہ تمام مسّے گر پڑیں۔ اور پھر غلیظ خون اندر جمع ہو کر اور دیگر مقامات پر اسی قسم کے مسّے پیدا کر دے۔ اور پھر اول کی طرح سے دور کریں اور تکلیف دیں اس حالت میں تیز ہوتا ہے۔ کہ کل مسّوں کو گرا دیں۔ اور ایک مسّے کو رہنے دیں۔ تاکہ اس سے تمام مواد نکل جاوے۔ اور دیگر مرہم لیپ اور دھونی کی ادویات سے اس کو خشک کریں۔ اور مصفی خون ادویات دیں۔ تاکہ خون صاف ہو کر اس مسّے کا راستہ بند ہو جاوے +

## ریح البواسیر

ایک قسم کی غلیظ ہوا ہوتی ہے۔ جو قولنج کی مانند درد پیدا کرتی ہے۔ اور کبھی پہلو اور بائیں، وہاں سے پشت کی طرف مقعد کے آتی ہے۔ اور کبھی خصیوں اور قضیب تک پہنچتی ہے۔ اور پیٹ میں گڑگڑاہٹ پیدا کرتی ہے اور کبھی اسہال ہوتے ہیں اور کبھی قبض پیدا کر دیتی ہے۔ اور کبھی کبھی یہ ہوا دیگر اعضا کی طرف بھی پھر جاتی ہے۔ اور ہاتھ اور پاؤں تک اثر کر سکتی ہے۔ سبب اس کا غلیظ سودا ہے۔ جو گردہ پر گرتا ہے۔ یا اس میں پیدا ہوتا ہے۔ اور وہ بسبب گرمی گردہ کے ریح غلیظ میں تبدیل ہو جاتا ہے۔ اور ریح بسبب غلیظ ہو جانے کے تحلیل نہیں

ہوتی ۔اور گردہ کے آس پاس پھرتی رہتی ہے ۔ اور اُس سے مختلف قسم کے مرض پیدا ہو جاتے ہیں ۔ علاج اس کا افیتمون کی گولی جلاب کے ساتھ دیں۔ اور اس کے بعد اس قسم کی ادویات دیں جو بادشکن ہوں (یعنی باد کو کم کرنیوالی ہوں)

اور جو اشیا کہ بادانگیز ہیں مثلاً دودھ وغیرہ وہ مت دیں۔ اور معجون اور جوارشات اس قسم کی دیں جو بادشکن ہوں ۔

یہ نسخہ ریاح بواسیر کو نافع ہے ۔ گلاب کے پھول ڈیڑھ تولہ ۔ بالچھڑ ساڑھے تین ماشہ ۔ زعفران ۔ مرکی ہر ایک ڈیڑھ ماشہ ۔ کوٹھ کڑوی پانچ ماشہ مصطگی سات ماشہ۔ مغز بادام کڑوا تین ماشہ ۔ گوگل پانچ ماشہ ۔ گوگل کو شراب میں حل کریں اور دوائیں کوٹ چھان کر اس میں گوندھیں ۔ اور دس ماشہ کی گولی بناویں ۔

واسطے سختی جگر کے ہری کاسنی کے پانی میں واسطے سختی معدہ کے بادرنجبویہ کے عرق میں اور بواسیر کے واسطے گندنے کے پانی میں +

**دیگر** ۔ کابلی ہڑ ۔ آملہ ۔ جھیل ہڑا ۔ بہیڑہ ۔ تخم سپنداں ۔ تخم گندنا ۔ تخم تلسی ہر ایک ساڑھے سترہ ماشہ ۔ گوگل تین تولہ ۔ گوگل کو پانی میں حل کریں ۔ اور ادویات کو اس میں گوندھیں خوراک سات ماشہ +

## ماہیت ویدک طریق سے

ہر ایک انسان کی گُذر (مقعد) کے اندر تین آنیٹس (ناسے) ہوتے ہیں سب سے اوپر کا پاخانہ اور ہوا کو خارش کرتا ہے بیچ کا خانہ پاخانہ اور ہوا کو باہر پھینک دیتا ہے اور سب سے نیچے کا پاخانہ وغیرہ کو باہر پھینک کر آپ پھر خود خالی ہو جاتا ہے +

گُدا کے جو مسے ہوں یا خون نکلے یا دیگر قسم کی رتجہ پیدا ہو جاتے ۔ اس کا نام بواسیر ہے ۔ مگر سشرت کا مصنف ناک ۔ کان ۔ آنکھ اور ناف کی بواسیر بھی مانتا ہے ۔

ماہیت ریادی (ای) بواسیر کی ۔ کسیلا ۔ کڑوا ۔ تیز اور خشک یا بہت سرد اس قسم کی غذا

کھانے سے۔ بہت کم یا غیر وقت کھانے سے۔ زیادہ مباشرت کرنے سے۔ کثرت جاگنے سے۔ بہت سرد یا برفانی ملک میں رہنے سے +

# پت

پت (گرمی) کی بواسیر کے سبب۔ زیادہ ترش یا نمکین یا گرم کھانا کھانے سے زیادہ ورزش کرنے سے۔ تیز آگ کے پاس رہنے سے یا جو تر سینکنے سے۔ تیز شراب پینے سے۔ زیادہ غصہ یا رنج کرنے سے زیادہ گرم ادویات کے کھانے سے +

# کف

کف (صفرا) کی بواسیر کے اسباب۔ زیادہ میٹھا زیادہ سرد۔ کھاری۔ کھٹا۔ بھاری وغیرہ غذا کے کھانے سے۔ دن میں سونے سے۔ یورپ کی ہوا کے لگنے۔ سرد ملک میں رہنے سے کبھی دو قسم کی بواسیر مل کر ایک قسم کی بن جاتی ہے۔ جیسے ایک ہی شخص کو کف اور بادی کی ہو سکتی ہے۔ کف اور گرمی کی یا گرمی اور بادی کی۔ یا تینوں ایک ہی دفعہ +

# بات کی بواسیر کے علامات

مسے خشک ہوں۔ یا گیلے تکلیف دہ۔ مرجھائے ہوئے۔ کالے ہوں۔ کھردھرے غیر ہموار۔ بانکے۔ بیٹھے ہوئے سوراخ دار۔ کندوری یا پریا کپاس کے ڈوڈے کے رنگ کے ہوں یا کینڈو کے پھول کے رنگ کے یا سرسوں کے رنگ کے یا سر اکر۔ سونڈھے جھانگ۔ پٹریاں میں تکلیف ہوں۔ چھینک۔ ڈکار نہ آویں۔ قبض رہے۔ دل کمزور ہو جائے۔ بھوک کی کمی۔ کھانسی۔ سانس۔ بدہضمی۔ کانوں میں آواز سنائی دی۔ وہم وغیرہ ہیں۔ اور اس میں پاخانہ۔ پیشاب۔ اور چہرہ کا رنگ سیاہی مائل ہو جاتا ہے +

# پت کی بواسیر کے علامات

مسوں کا رنگ نیلا۔ لال۔ زرد۔ اور سفیدی مائل ہو۔ اور ان میں سے ایک

قسم کی خفیف سی بو آوے۔ اور ان کا منہ طوطے کی زبان یا جونک کے منہ کی مانند
ہو۔ جسم میں گرمی محسوس ہو یا گدا کبھی کبھی پک جاوے۔ اور اس کے آس پاس
کی پھنسیوں سے پیپ نکلے۔ بخار۔ پسینہ سب ہوں۔ پیاس اور کمی بھوک یہ معلوم
دیں۔ مریض کے ہاتھ کسی قدر گرم معلوم دیں۔ مریض کے پاخانہ میں لیسدار ہووے
اور اس کا رنگ بدلتا رہے۔ کبھی زرد۔ کبھی نیلا۔ کبھی سرخی مائل ہو۔ خاک۔
چہرہ اور آنکھوں کی رنگت سیاہی مائل ہو یا سبزی مائل ہو +

## بلغمی بواسیر کی علامات

مسے کم تکلیف دہ۔ سفید۔ لمبے۔ موٹے۔ چکنے۔ سخت۔ گول۔ بھاری۔ قائم۔
کف سے لپٹے۔ خارش زیادہ ہووے۔ خاردار۔ بیڑو میں ابھار کرنے والے۔
مقعد۔ مثانہ اور ناف میں تکلیف دینے والے۔ سانس۔ کھانسی۔ کم بھوک ہووے۔ جریان
زیادہ پیشاب آنا۔ ماتھے کا بھاری ہونا۔ سردی کا بخار۔ نامردی۔ حرارت غریزی
کا کم ہونا۔ پاخانہ میں زیادہ چکنائی اور بلغم آوے۔ مسوں سے خون نہ نکلے۔ چہرہ
پر زردی اور چکنائی آجاوے۔ سنی پات بواسیر جس میں یہ تینوں قسم کی علامات
ہوں +

## خونی بواسیر کی علامات

مسوں کا رنگ مٹی کی رنگت کا ہو۔ جس میں گرمی کی بواسیر کی علامات ہوں
مسوں کا رنگ مونگے کی مانند ہو۔ اور پاخانے جاتے وقت وہ پھٹ جاویں اور
ان میں سے خون نکلنے کے بعد ان کا رنگ مینڈک کی مانند پیلا ہو جاوے۔ خون
گرم نکلے۔ کم نبض۔ پژمردہ ہو۔ ہر ایک قسم کی حس کمزور ہو جاوے۔ اور ہوا اندر
سے زیادہ خارج ہو +

## خونی اور بادی بواسیر کی علامات

خون کم اور جھاگ دار نکلے۔ کمر۔ جھانگ اور مقعد میں درد ہو +

# خونی اور کف کی بواسیر

اس میں سفید یا پیلا - چکنا - بھاری - اور سرد دست ہو - خون گاڑھا اور پیلا نکلے مقعد تر اور چکنی ہو +

# بواسیر ہونے سے پیشتر کی علامات

خوراک اچھی طرح ہضم نہ ہووے - جسم میں کمزوری آجاوے - پیٹ میں بھارا ہو حرارت کم ہو جاوے - ڈکار اور باد بہت آوے - جھانگ میں درد ہو - دست کم آویں - سنگرہنی اور یرقان کا خیال ہو اور خون کا فساد ہو - جس مریض کو بواسیر شروع ہو وے - ایک سال سے کم ہوا ہو - اس کا جلدی علاج کرنے سے دفع ہو جاتی ہے - اگر بواسیر اندر کے اور باہر کے خانے میں ہو - اس کو بھی ایک سال سے کم ہوا ہو وہ بھی جلدی دفع ہو جاتی ہے - اگر جنم سے بواسیر ہو - بہت پرانی ہو یا سب سے اوپر کے اسٹنے (پردہ) میں ہو یا تینوں قسم کی بواسیر مل جاویں - تو اس کا علاج بہت مشکل ہے +

بواسیر کے واسطے - یوگ راج گوگل - ترپھلا گوگل - ارشوگن تیل - دس مول ارشٹ - ہنگوادی چورن - چانگیری گھرت - چندر پربھا وغیرہ مفید ہیں +

# علاج یونانی اور ویدک

**اطریفل گوگل** - ہرڑ کابلی زرد - ہرڑ سیاہ - آملہ چھیلا ہوا - بہیڑہ ہر ایک چھ ماشہ مویز منقی دو تولہ - گوگل ڈیڑھ تولہ - بانی گندنا کا پاؤ سیر - شہد خالص سہ چند سب دوائیوں کو روغن بادام شیریں میں چکنا کر شہد میں قوام دیں - اور بعد چالیس روز کے استعمال کریں - بواسیر کا خون بند کرنے میں مجرب ہے +

**دھونی** - قسم دوم کی بواسیر کو مفید ہے - دانوں کو خشک کرتی ہے - سانپ کی کینچلی - ہاتھی کے کان کی میل - گوگل پوست کنیر کی جڑ - انڈے کا چھلکا - بیگن

کی لوٹی سبز۔ زیتون۔ گینڈے کے سینگ بارہ سنگہ کے سینگ۔ کینچوہ خشک آدمی کے سر کے بال۔ گوکھرو۔ بنولہ سب ادویات کو لے کر اور برابر وزن کچل کر بقدر پونے دو ماشہ کے اس میں سے اونٹ کی میگنیوں کی آگ پر رکھ کر دھونی اس کی لیویں۔ اور ہوا سے محافظت کریں اگر پیشتر بھپارے کے اگر دانے ظاہر نہ ہوں تو اس پر جونکیں لگوائیں تاکہ مواد نکل جاوے +

**دھونی**۔ اجمود کی جڑ۔ کنیر کی جڑ۔ کیر کی جڑ۔ لکڑی کی جڑ۔ ترنجبین۔ انجدان کی جڑ۔ سوسن کی جڑ۔ سب کو کوٹ چھان کر بھلانواں کے تیل میں گوندھیں اور ٹکیاں بنا دیں اور ایک ٹکیا چار ماشہ کی اس میں سے لے کر آگ پر رکھ کر دھونی دیں۔ قسم دوم کی بواسیر کو نافع ہے۔

**دھونی**۔ واسطے گرانے دانہ بواسیر کو مفید ہے۔ گندھک بھلانواں ملٹھی۔ کبر کی جڑ۔ برگ مورد۔ سب کو کوٹ کر آگ پر ڈال کر دھونی دیں +

**نسوت**۔ سرخ ہڑتال۔ بھلانواں سب کو کوٹ کر ٹکیاں بنا دیں اور ایک ٹکیا کی دھونی دیں +

**بھپارہ**۔ پوست کیکر۔ پوست جھاڑی بیر کی جڑ کا۔ پوست کچنال۔ تماکو کے پتے۔ پوست کے ڈوڈے۔ سب کو برابر وزن لے کر ایک مٹی کی ہانڈی میں ڈال کر اور پانی سے بھر کر خوب پکا دیں۔ اور اس کی بھاپ کو مقعد تک پہنچا دیں۔ ہر ایک قسم کی بواسیر کے مسوں کی سختی و درد کو مفید ہے +

**گوگل کی گولی**۔ نسوت سفید تین تولہ۔ ہڑ زرد۔ ہڑ کالی۔ گوگل ہر ایک چار تولہ ساڑھے چار ماشہ۔ گندنا کے پانی میں تر کر کے کہ حل ہو جاوے۔ ادویات کو کوٹ چھان کر اور ملا کر گولیاں بنا دیں مفید ہے +

**گوگل کی گولی قابض**۔ بواسیر کے خون کو بند کرتی ہے۔ ہڑ سیاہ۔ پوست ہڑ کابلی۔ پوست بہیڑہ۔ آملہ چھیلا ہوا۔ گوگل ہر ایک سات ماشہ۔ مونگے کی جڑ۔ کہربا۔ گھونگے جلے ہوئے ہر ایک تین ماشہ۔ گوگل کو لوباروں کے پانی میں حل کریں۔ اور دواؤں کو پیس کر اس میں گوندھیں۔ اور گولیاں بنائیں۔ مقدار خوراک سات ماشہ +

**خون بواسیر کو بند کرتی ہے۔** ہڑ گائے کے گھی میں بھونی ہوئی۔ آملہ بھگوا ہوا۔ پوست زرد ہڑ کا گلاب کے پھول۔ ہنساوجن۔ بڑی مائیں۔ سیپ جلی ہوئی۔ کہربا۔ دھنیہ۔ رسوت ناگوری۔ موتی بے سوراخ۔ ریوند چینی۔ مونگے کی جڑ۔ ساٹھ گوگل حل کئے ہوئے کے گلاب میں گوندھ کر اور گولی باندھ کر پانچ ماشہ ساتھ عرق بارتنگ اور عرق بید کے نوش کریں اور آخر روز میں اگر ضعف معدہ عارض ہو تو مقوی دوا کھادیں۔

**گولی۔** واسطے بواسیر اور ریاح بواسیری کے نافع ہے۔ اور سیپ اور خارش کو مفید ہے +

پوست زرد ہڑکی۔ پوست ہڑ کابلی۔ پوست بہیڑہ۔ ہر ایک ساڑھے چار تولہ آملہ دھویا ہوا سوا دو تولہ۔ چیتہ۔ پیپل ہر ایک ایک تولہ ساڑھے دس ماشہ جائفل نمک اندرانی ہر ایک پونے سات ماشہ۔ لنوت۔ سفیدہ۔ ایلوا ہر ایک ساڑھے تین ماشہ۔ کوٹ چھان کر روغن بادام میں چکنی کر کے مانند موم کے بنائیں اور سایہ میں سکھائیں اس کے بعد پھر کوٹ کر پانی میں گوندھ کر گولیاں بنادیں۔ مقدار خوراک چھ ماشہ سے سوا تولہ تک رات کے وقت گرم پانی کے ساتھ۔

**بواسیر کی گولی۔** آدھ پاؤ ہڑ کابلی کو مٹی کی ہانڈی میں کہ آگ پر بہت سرخ ہو۔ گائے کے گھی میں خوب چکنی کر کے ڈال دیں۔ کہ پوست گٹھلیوں سے علیحدہ ہو جاوے۔ اس کو کوٹ چھان کر اس کے ہموزن رسوت ملا کر گولی بقدر مونگ کے بنادیں اور وقت حاجت کے سرد پانی کے ساتھ دس یا بارہ گولیاں کھاویں +

**خون بواسیر کو بند کرتی ہے۔** گوگل ساڑھے تین ماشہ کہربا سوا پانچ ماشہ۔ ہڑ۔ آملہ ہر ایک سات ماشہ روغن زیتون میں کوٹ کر چھان کر اور گوندھ کر گوگل کو گندنا کے پانی میں حل کریں اور باہم گوندھ کر گولیاں بنادیں۔ اور سایہ میں خشک کریں۔ مقدار خوراک ساڑھے دس ماشہ کے کھاویں +

**رسوت کی گولی۔** رسوت کو پانی میں گھول کر مثل ماپتی کے ٹپکائیں۔

ایک بہت باریک کپڑے کے ٹکڑے کے چاروں گوشہ میخوں پر باندھیں اور رسوت کو پانی میں حل کر کے اُس میں ڈالیں کہ آہستہ آہستہ ٹپکے۔ پس اس چھنے ہوئے پانی کو ایک صاف چینی کے برتن میں رکھ کر گرد و غبار سے پوشیدہ چند روز تک رکھیں۔ تاکہ خشک ہو کر قابل گولی بندھنے کے ہو جاوے۔ اس وقت ہاتھ کو روغن بادام یا گائے کے گھی میں چکنا کر کے گولیاں باندھیں۔ اور ہر روز تین ماشہ تک حسب حاجت کھائیں۔ اور گھی کا استعمال بکثرت کرنا چاہئے +

**درد بواسیر کو دور کرتی ہے۔** خوب کلاں۔ تخم گندنا۔ دھنیا خشک ہموزن لے کر ایک برتن میں جلائیں اور دھواں اُس کا مقعد تک پہنچائیں +

**درد بواسیر کو تسکین دیتی ہے۔** تین تولہ ماؤ بیر کا دانہ نکال کر قدرے گائے کے گھی میں ڈال کر آگ پر خوب بھونیں۔ بعدہ نکال کر پیس کر ساتھ تین تولہ قند سفید کے تناول کریں۔ ہر روز سات ماشہ ناشتہ ہمراہ گرم پانی کے سرد مزاج والوں کو مفید ہے اور یہ دوا اکثر حکیم لوگوں کی آزمائی ہوئی ہے +

**خون بواسیر کو بند کرتی ہے۔** کہربا۔ گل مختوم۔ اتیس ہر ایک سوا دو ماشہ۔ باریک پیس کر سفوف بناویں۔ ایک خوراک ہے۔ تین روز تک پے در پے کھاویں +

**بواسیر کے مسوں کو اڑاتی ہے۔** پارہ نوشادر ہر ایک ساڑھے آٹھ تولہ۔ زنگار۔ چونہ آب ندیدہ ستر تولہ۔ اشخار چونتیس تولہ۔ گندھک ہڑتال زرد پسی ہوئی ہر ایک باون تولہ۔ سب ادویوں کو سرکہ میں پیسیں کہ پارہ کشتہ ہو جاوے۔ خشک کریں اور دوسری مرتبہ پانی میں پیسیں بعدہ پھر اُن کو ایک مٹی کے برتن میں ڈال کر اوپر اُس کے سرپوش ڈھکیں اور آس پاس آٹا یا مٹی لگائیں تاکہ دھواں اندر سے نہ نکل سکے۔ پھر اس کو آگ پر رکھیں تاکہ دوا اڑ کر برتن میں آس پاس لگ جاوے۔ یا ڈھکن پر لگے بعد سرد کرنے کے اس کو اتار لیں اور برتن کے آس پاس جو دوا لگی ہے اور جو ڈھکن پر چمٹی ہے۔ اُس کو حاصل کریں۔ اور اس میں سے قدرے بواسیر کے مسوں پر چھڑکیں۔ محمد ذکریا کہتا ہے کہ ایک روز یہ دوا اور دوسرے

روز ادر کوئی دوا مسوں پر لگائیں۔ اور جو دیکھیں کہ ہنوز کچھ باقی ہیں۔ یا نکل جاتے ہیں۔ تو ایک روز آرام کریں۔ اور دوسرے دن استعمال کریں۔ اس کے بعد برگ کرنب پانی میں پکاکر اور اُن کا مرہم گائے کے گھی میں بناکر اُن پر لگا دیں (مجرب منقول ہے)

**روغن بینگن** ۔ بینگن کو خالی کرکے اُس کے اندر روغن تخم کدو بھر دیں۔ ٹوپی بھری اندر ببول اُس کا دور کریں اور قریب ایک دن کے کسی خفیف گرم تنور میں رکھیں۔ اور روغن اس میں سے نکال لیں۔ بواسیر کیواسطے نافع و مفید ہے

**روغن دیگر مجرب واسطے دور کرنے مسّوں بواسیر کے نافع ہے** ۔ گندھک ہڑتال دونوں کو برابر وزن پیس کر تر کریں۔ روغن گل سے یہاں تک روغن خوب جذب کریں۔ بعد میں گل حکمت کرکے اِس روغن کو نکال لیں۔ اور اس سے مسوں پر لگاویں +

**سفوف بواسیر خونی اور بادی کو مفید ہے** ۔ تخم بکائن خشک رسوت مکو کوٹھ۔ کالی ہڑ ایک ایک تولہ آٹھ ماشہ۔ کوٹ کر سفوف تیار کریں۔ دو ماشہ سے چھ ماشہ تک ساتھ پانی کے کھائیں۔ بعد اُس کے قدرے نخود بھونے ہوئے کھائیں۔ گھی خوب کھائیں۔ نمک مرچ اور کھٹائی سے پرہیز کریں +

**سفوف خون بواسیر کو بند کرتا ہے** ۔ مغز بنولے دو ماشہ۔ رسوت ایک ماشہ۔ شکر تری تین ماشہ۔ سفوف کرکے گرم پانی کے ساتھ نگل جائیں

**شربت ابریشم** ۔ **جب خون بواسیر بہت کثرت سے جاری ہو اور مریض کو غش آنے کا اندیشہ ہو۔ اس وقت شربت ابریشم مریض کو چٹا دیں بہت مفید ہے۔**

مازو۔ رسوت۔ کندر۔ گلنار۔ پھٹکڑی۔ کاغذ جلا ہوا۔ سرمہ گل ارمنی۔ گوند ببول۔ ہر ایک ایک جزو کو باریک پیس کر اور مورد کے پانی میں گوندھ کر کپڑے کے ٹکڑے کو اس میں تر کرکے اندر رکھیں۔ یہ زیادتی خون بواسیر و خون حیض

بند کرتا ہے +

بواسیر کے مسّوں کو کاٹتا ہے۔ عشق پیچہ کو خشک کرلیں اور دیگ تانبے کی نئی لے لو۔ جس میں ہنوز پانی نہ لگا ہو۔ اس میں ڈالیں اور پکائیں۔ اور صاف کر کے چالیس روز تک سورج کے نیچے رکھیں اور رات کو حفاظت سے پوشیدہ رکھیں اور گرد و غبار سے نگاہ رکھیں۔ اور ہر روز الٹ پلٹ کرتے رہا کریں۔ پس ہر ایک ڈیڑھ پاؤ کے اس میں سے ایلوا۔ تخم کنوچہ۔ تخم سینداں سفید ہر ایک ایک تولہ آٹھ ماشہ اضافہ کریں۔ اور کپڑ کر کے اندر رکھیں +

ضماد۔ بواسیر اور مقعد کے پنٹھے اور بواسیر کے دستوں کو مفید ہے۔

سفیدہ کاشغری۔ رسوت۔ موم ہر ایک ایک جزو۔ خطمی کے پھول۔ گوگل ہر ایک دو جزو۔ روغن گل پانچ جزو۔ روغن السی ستره جزو۔ ادویات کو کوٹ کر روغن میں جوش کریں۔ کہ آدھا رہ جاوے۔ صاف کر کے استعمال کریں (منقول)

ضماد۔ درد بواسیر کو مفید ہے۔ زعفران۔ انیسوں۔ اجوائن خراسانی مرغ کی چربی ہر ایک سات ماشہ۔ خطمی۔ السی ہر ایک سترہ ماشہ۔ زردی مرغ کے انڈے کی ایک جو نالی کی گہری روغن میں پکا کر لیپ کریں +

گندنا کے بیج۔ السی۔ گوگل ہر ایک دو ماشہ۔ گائے کے گھی میں رگڑ کر لیپ کریں +

درد اعضا کے واسطے کہ بہ سبب بواسیر کے ہو۔ سونٹھ چار ماشہ۔ مرچ سیاہ آٹھ ماشہ۔ بڑی الائچی۔ نوشادر ہر ایک سولہ ماشہ۔ میٹھی ڈیڑھ تولہ۔ سورنجاں ساڑھے تین تولہ۔ موم ڈیڑھ تولہ۔ روغن اخروٹ چھ تولہ۔ سب کو رگڑ کر اور ملا کر طلا کریں۔

جوکھار ساڑھے دس ماشہ۔ ہڑتال زرد سات ماشہ۔ ہڑتال سفید پانچ ماشہ زنگار ساڑھے تین ماشہ ان سب کو کوٹ کر مرغ کی چربی پگھلائی ہوئی میں ملا کر طلا کریں۔ جو علت خفیف ہو۔ تو صرف تین روز تک طلا کرنا کافی ہے۔ اور

دن میں دوبار۔ اور جو بیماری زیادہ ہو۔ تو دن میں ہر ایک دو دفعہ لگائیں یہاں تک کہ پانچ دن تک لگاویں۔ اس کے بعد اس پر پیاز سرخ اور گائے کے گھی کا مرہم بناکر لگاویں اور مسوں پر لگاویں تاکہ وہ جڑ سے گر جاویں۔ مگر اس عرصہ تک پانی اس جگہ پر مت لگاویں۔ اور جب بیماری دور ہو جاوے اور وہ مسے گر پڑیں۔ تو انزروت۔ دم الاخوائن۔ سفیدی مرغ کے انڈے کی مرہم بناویں تاکہ زخم بھر جاویں اور لگاتے رہیں (منقول)

باڑی یعنی بنولہ کے پودے کے پتے کوٹ کر شیرہ نکال لیں۔ اس میں سے تیرہ ماشہ لے کر اس میں ڈھائی ماشہ ملاکر بعد پاخانے جانے کے آب دست لے کر پھر مسوں پر ملیں اور بعد دیر تک ٹھہریں +

**بواسیر کو مفید ہے۔** بینگن کی سبز ٹوپی۔ اور تلخ بادام کی گری۔ دونوں کو کوٹ کر روغن بنفشہ میں ملاکر طلا کریں +

**بواسیر کے دستوں کو مفید ہے۔** خشخاش۔ کہربا۔ مصطگی۔ زعفران ہر ایک تین تولہ کوٹ چھان کر اسبغول کے لعاب میں گولیاں بناویں +

مونگے کی جڑ۔ کہربا۔ سیب جلا ہوا۔ گیرو ہر ایک سات ماشہ۔ کالی ہڑ بہیڑہ آملہ۔ ہر ایک ساڑھے سترہ ماشہ۔ گندنا کے بیج ساڑھے دس ماشہ۔ گوگل تین تولہ۔ گوگل کو گندنا کے پانی میں گوندھ کر حل کریں۔ دواؤں کو کوٹ کر اور اس میں گوندھ کر ٹکیاں بناویں۔ خوراک ساڑھے دس ماشہ سے تین تولہ تک بوہا بوچھے پانی کے ساتھ یہ مجرب ہے۔ زیادتی خون جو بواسیر کے سبب سے ہو۔ اور کمزوری کو کم کرتا ہے +

تین تولہ روغن خوبانی میں سلارس ساڑھے تین ماشہ اور گوگل سات ماشہ کو پگھلاویں۔ بواسیر کو نافع ہے۔

**معجون نافع ہے اس بواسیر کے واسطے جس میں خون کثرت سے جاری ہو۔** ہڑ کالی۔ بہیڑہ۔ آملہ۔ ہر ایک ساڑھے سترہ ماشہ اگر خام ناگرموتھ۔ سونٹھ۔ کالی مرچ۔ اجوائن۔ خس ہر ایک سات ماشہ لوہے کا زنگ سرکہ میں سات روز تک بھگویا ہوا سوا چار تولہ۔ سب کو پیس کر دو چند شہد میں

معجون بناویں۔ خوراک چودہ ماشہ (منقول)

سیپ جالوز کو کھانا بواسیر کے واسطے مفید ہے +

صاف شدہ گندھک کو ہر روز پانی کے ساتھ کھانا بہت مفید ہے +

ہرڑ۔ بہیڑہ۔ آملہ ہر ایک تین تولہ۔ لسوت اگری ایک تولہ۔ سناء سورتی دو تولہ بسفائج ایک تولہ۔ گلاب کے پھول دو تولہ۔ مرچ سیاہ ایک تولہ۔ سونٹھ ایک تولہ۔ [illegible]۔ ادویات کو کوٹ چھان کر اور روغن بادام سے چکنا کر کے جھاگ لائے ہوئے شہد میں ملاویں۔ اور شہد ادویات مذکور کے وزن سے دوچند ہو +

مسوں کو کسی اچھے لائق ڈاکٹر سے کٹوا ڈالنا مفید ہے +


# دکان رامدتہ مل تاجر کتب لوہاری دروازہ لاہور

| نام کتاب | قیمت اصلی | قیمت رعایتی | نام کتاب | قیمت اصلی | قیمت رعایتی | نام کتاب | قیمت اصلی | قیمت رعایتی |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| سوانح عمریاں | | | | | | | | |
| سوانحعمری تانتیا بھیل | عہ | سہ | " دروپتی مکمل | ۸ر | ۲ر | " گرو رامداس جی | ۳ر | ر |
| " رامچندرجی | عہ | ۸ر | " چندرگپت | ۶ر | ۱ر | " گرو امرداس جی | ۵ر | ر |
| " سیتاجی | سہ | ار | " سسی و پنوں | ۲ر | ر | " گرو ارجن جی | ۱۰ر | ۲ر |
| " کرشن جی | عہ | ۴ر | " ملا دو پیازہ | ۴ر | ار | " گرو ہرگوبند جی | ۸ر | ۲ر |
| " پرتھی راج | ۱۰ر | ۲ر | " کولمبس | ۴ر | ار | " گرو ہررائے | ۴ر | ار |
| " بدھ دیو | ۸ر | ۲ر | " حاتم طائی | ۳ر | ر | " گرو تیغ بہادر | ۸ر | ۲ر |
| " رانا پرتاب | عہ | ۵ | " سیواجی | ۴ر | ۲ر | " گرو ہرکشن | ۳ر | ر |
| " سوامی شنکر آچارج | ۸ | ۶ | " بکرماجیت | ۶ر | ۱ر | " گرو گوبند سنگھ | عہ | عہ |
| " دیانندجی | ۱۲ر | ۹ | " گرو نانک دیو | ۱۰ر | ۲ر | " رانی سنجوگتا | ۴ر | ار |
| | | | " گرو انگد صاحب | ۳ر | ر | " ہریش چندر | ۸ر | ۲ر |

رامدتہ مل تاجر کتب لوہاری دروازہ لاہور سے مندرجہ بالا اور ہر قسم کی کتابیں نقشے اور فارم بارعایت مل سکتے ہیں ☆

# دُکان رامدتہ مل تاجر کتب لوہاری دروازہ لاہور

۱- اس دوکان سے ہر قسم کی کتابیں بڑی رعایت اور کفایت سے ملتی ہیں۔

۲- اس دکان کی یہہ خصوصیت ہے کہ جو کتاب خریدا ہوا ناپسند ہو وہ اگر خراب نہ ہو گئی ہو تو ایک ماہ کے اندر واپس لیکر اُس کے عوض اور کتاب روانہ ہو سکتی ہے۔

۳- مندرجہ ذیل اقسام کے ساتھ اور ہر طرح کی کتب بھی مل جاتی ہیں:-

۱- سرکاری کتابیں (۲) سرکاری کتابوں کے ترجمے - حل - خلاصے اور فرہنگ (۳) سوالات مڈل و انٹرنس (۴) نارمل سکولوں کے امتحانی پرچے (۵) ہر ایک مذہب و ملت کے بزرگوں کی سوانح عمریاں - ۶- ناول و ناٹک - ۷- مدرسوں کے استعمال کے چھوٹے بڑے نقشے اور اٹلس - رجسٹر اور فارم (۸) طلباء کیلئے کاپیاں سادہ اور رولدار (۹) سکھوں اور ہندو مسلمانوں کی مذہبی کتابیں - ۱۰- آریہ سماج برہم سماج اور سناتن دھرم کی پستکیں (۱۱) جنتریاں پتریاں (۱۲) کتب طب و لغت (۱۳) تعویذات و رمل طلسم و جادو (۱۴) کتب باجا و قانون (۱۵) اردو فارسی دیوان (۱۶) بھجنوں کی پستکیں - ۱۷- سکھوں اور ہندوؤں کے بزرگوں کی تصاویر۔

۴- اس دوکان کی معرفت سرمے اور دوائیاں - ریشم اور انگریزی سوت اور سوت کے آزاربند اور کنگھیاں - دیسی وضعدار اور پائدار جرابیں بھی بکفایت مل سکتی ہیں۔

**رامدتہ مل تاجر کتب لوہاری دروازہ - لاہور**



پی ڈی ایف تیار کردہ

حکیم محمد ارشد شاہین لاہور

0323-4422244